بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر ص ا ب س/۲/۲۰۱۸ مورخہ یکم جون ۲۰۲۱ء

بجانب:۔

جناب چیف سیکرٹری،
حکومت بلوچستان،
کوئٹہ۔

عنوان:۔ **قرارداد نمبر ۱۱۱**

بلوچستان صوبائی اسمبلی کی نشست منعقدہ مورخہ ۲۸ مئی ۲۰۲۱ء میں ایوان سے پاس شدہ ذیل قرارداد نمبر ۱۱۱ منجانب جناب نصر اللہ خان زیرے، رکن بلوچستان صوبائی اسمبلی برائے ملاحظہ و مزید کارروائی ارسال خدمت ہے:۔

﴿قرارداد﴾

ہرگاہ کہ فیڈرل لیویز جو ایک اہم وفاقی فورس ہے جو برٹش دور سے قائم ہے اور صوبہ کے مختلف اضلاع میں امن وامان کے حوالے سے اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ لیکن افسوس کہ تاحال فیڈرل لیویز کا نہ تو سروس سٹرکچر بن سکا ہے اور نہ ہی ان کی تربیت کے لئے کوئی خاطر خواہ اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔ اور ستم ظریفی یہ ہے کہ فیڈرل لیویز کی تنخواہیں بھی بہت ہی کم ہے

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے کہ وہ فیڈرل لیویز کی تربیت، سروس سٹرکچر بنانے اور فیڈرل لیویز کی تنخواہوں کو بڑھانے کے لئے فوری اقدامات اٹھائے جائیں۔ نیز اگر فیڈرل لیویز کو صوبائی لیویز میں ضم کیا جارہا ہے تو پھر ان کی تنخواہیں بھی وفاقی حکومت ادا کرنے کو یقینی بنائے۔

(طاہر شاہ کاکڑ)
سیکرٹری

نقل برائے اطلاع و ضروری کارروائی مرسل ہوئے بخدمت:۔

۱) جناب نصر اللہ خان زیرے، رکن، بلوچستان صوبائی اسمبلی۔
۲) جناب پرنسپل سیکرٹری برائے وزیر اعظم، اسلامی جمہوریہ پاکستان، اسلام آباد۔
۳) جناب پرنسپل سیکرٹری برائے وزیر اعلیٰ بلوچستان، کوئٹہ۔
۴) جناب ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ و قبائلی امور، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۵) جناب سیکریٹری برائے اسپیکر، بلوچستان صوبائی اسمبلی۔
۶) پی ایس برائے سیکرٹری بلوچستان صوبائی اسمبلی۔

01/06/2021

(عبدالرحمٰن)
اسپیشل سیکرٹری (قانون سازی)

Scanned with CamScanner